Maulana Azad National Urdu University

M.A. Urdu : IV Semester Examination May - 2019

Paper : MAUR401CCT : Tanqeed ke Naye tasawwurat

پرچہ : تنقید و تحقیق

Time : 3 hrs **Marks : 70**

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. **حصہ اول** میں **10** لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. **حصہ دوم** میں آٹھ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو **(200)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **6** نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. **حصہ سوم** میں پانچ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو **(500)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **10** نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال نمبر : 1

i ''تحقیق ایک قسم کی منشی گیری ہے''۔ یہ کس کا قول ہے؟

(a) احسن فاروقی (b) کلیم الدین احمد (c) شمس الرحمٰن فاروقی (d) فراق گورکھپوری

ii ''.....اور جب احتشام حسین اس طرز میں لکھتے ہیں تو ایسا معلوم ہوتا کہ کوئی ہاتھی خوش فعلیاں کر رہا ہو''۔ احتشام حسین کے بارے میں یہ کس کا قول ہے؟

(a) حسن عسکری (b) کلیم الدین احمد (c) وارث علوی (d) عبادت بریلوی

iii جدید تنقید میں ''بین المتونیت'' (Inter textuality) کا سرخیل و سربراہ کس کو سمجھا جاتا ہے؟

(a) جان فرینک کرموڈ (b) اسٹون کرافٹ (c) ایڈمنڈ برک (d) چارلس موریس

iv ادب کو شور آفرینی کا فن کس نے قرار دیا ہے؟

(a) مارگرٹ فلر (b) جان اسٹورٹ مل (c) رولاں بارتھ (d) جوسفن رفین

v آل احمد سرور کی مشہور زمانہ تصنیف 'مسرت سے بصیرت تک' کا نام کس امریکی شاعر کے قول سے ماخوذ ہے؟

(a) ورجینا وولف (b) رابرٹ فراسٹ (c) سیمون دی بوائر (d) لارنس کیپلنگ

vi Orientalist کا مصنف ہے؟

(a) رفیق زکریا (b) گایتری چکرورتی (c) جوڈتھ (d) ایڈورڈ سعید

P.T.O

vii مصنف کی موت(Deth of the author) کا اعلان کس نے کیا تھا۔

(a) ژاک دریدا (b) جوناتھن کلر (c) ایلین شووالٹر (d) رولاں بارتھ

viii ''قانون شہادت کا یہ مسلمہ اصول ہے کہ جب تک کسی شخص کا قصور ثابت نہ ہوجائے وہ بے قصور اور بے گناہ ہے۔قاضی صاحب کا اصول اس کے برعکس ہے،یعنی وہ اس بنیاد سے شروع کرتے ہیں کہ جب تک کوئی شخص اپنے آپ کو بے قصور اور بے گناہ نہیں ثابت کرتا وہ قصوروار مجرم ہے''۔قاضی عبدالودود کے بارے میں یہ کس کا خیال ہے؟

(a) رشید حسن خاں (b) مالک رام (c) گیان چند جین (d) مسعود حسین خان

xi جدیدیت کا پیش رو کس رسالے کو کہا جاتا ہے؟

(a) شب خوں (b) آج کل (c) ایوان اردو (d) نگار

x ''ساختیات پس ساختیات،مشرقی شعریات'' کس کی تصنیف ہے؟

(a) وزیر آغا (b) غلام شبیر رانا (c) گوپی چند نارنگ (d) احمد سہیل

حصہ دوم

2۔ نوآبادیات کیا ہے؟ مابعد نوآبادیاتی تنقید سے آپ کیا مراد لیتے ہیں؟ تفصیل سے لکھیے۔

3۔ تنقید اور تحقیق کے رشتے پر روشنی ڈالیے۔کیا تحقیق کے بغیر تنقید ممکن ہے؟ اپنا خیال قلم بند کیجیے۔

-4 جدیدیت کے فروغ میں ''شب خون'' کے کردار پر روشنی ڈالیے۔

5۔ ''ہماری کلاسیکی شاعری اصل میں بین المتونیت کی شاعری ہے''۔شمس الرحمٰن فاروقی کے اس قول کی وضاحت کیجیے۔

6۔ مغربی ناقدین ادب کو''شور آفرینی''(Art of Noise) کا فن کیوں قرار دیتے ہیں۔وضاحت کیجیے۔

7۔ ''ہر ادبی متن کے اندر اپنے متعینہ معنی کو رد کرنے کا مادہ موجود ہوتا ہے''۔اس قول کی وضاحت کیجیے۔

8۔ ہماری ادبی زندگی میں میر کے مطالعے کی اہمیت پر روشنی ڈالیے۔

9۔ ''سائنٹفک نقطہ نظر وہ ہے جو ادب کو زندگی کے معاشی،معاشرتی اور طبقاتی روابط کے ساتھ متحرک اور تغیر پذیر دیکھتا ہے''۔احتشام حسین کے اس قول کی وضاحت کیجیے۔

حصہ سوم

10۔ اردو میں جدیدیت کے بانیان کی حیثیت سے شمس الرحمٰن فاروقی کی خدمات کا جائزہ لیجیے۔

11۔ مابعد جدیدیت اور گوپی چند نارنگ کے تعلق سے اپنے خیالات قلم بند کیجیے۔

12۔ ترقی پسندی اور جدیدیت کے افتراقات و امتیازات پر روشنی ڈالیے

13۔ شمس الرحمٰن فاروقی کی طرف سے 'شعر،غیر شعر کے مابین قائم کئے گئے فرق و امتیاز کا جائزہ لیجیے۔

14۔ آل احمد سرور کی تنقید نگاری کا ان کے مضمون 'غالب کی شاعری کی معنویت' کی روشنی میں جائزہ لیجیے۔

☆☆☆